سوال

(260) قرآن پڑھنے سے گمراہ ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی مسلمان قرآن پاک پڑھ کر گمراہ بھی ہو سکتا ہے۔ ؟ کیا قرآن پاک میں ایسی آیات ہیں کہ جن کا مطلب جتنی مرضی کوشش کرلیں سمجھ نہیں سکتے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

١۔ قرآن مجید ان لوگوں کےلئے گمراہی کا باعث ہے، جو فاسق وفاجر اور اللہ کے نافرمان ہیں، اور قرآن مجید کو اپنی خواہش کے مطابق سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ارشاد باری تعالی ہے۔

يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا وما يضل به الا الفاسقين (البقرہ، 2:26)

یہ (قرآن) بہت سوں کو گمراہ کردیتا ہے اور بہت سوں کو ہدایت دیتا ہے۔ اور اس سے صرف فاسق ہی گمراہ ہوتے ہیں۔

صوفیاء و خرافیین کی ایک بڑی اکثریت عام طور پر قرآن مجید کو جس انداز سے پیش کر رہی ہے، وہ نئی نسل کو اسلام کی طرف راغب کرنے کی بجائے اُس کے اندر مذہب بیزاری اور گمراہی کے رُجحانات کو فروغ دے رہا ہے۔ وہی قرآن جو سراپا ہدایت ہے، اُس کی مَن مانی اور غلط تشریحات سے گمراہی بھی اَخذ کی جاسکتی ہے اور ایسا فی الواقع ہو رہا ہے۔

٢۔ قرآن مجید سارے کا سارا سمجھا جا سکتا ہے، کیونکہ اسے اللہ تعالی نے لوگوں کی ہدایت کےلئے نازل فرمایا ہے، اور جو چیز سمجھ ہی نہ آئے وہ باعث ہدایت کیسے ہو سکتی ہے۔ ہاں البتہ حروف مقطعات، جو سورتوں کے شروع میں لکھے گئے ہیں، ان کا معنی و مفہوم اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث